## دیوانی مقدمات میں قانونی معاونت

فوجداری کارروائی کے علاوہ یا اس کے اختتام کے بعد، متاثرین کو بعض اوقات، مزید عدالتی کاروائیوں کا سامنا پڑسکتا ہے۔ ایسی "سول کارروائیوں" میں، مثال کے طور پر، ہرجانے (معاوضے) کے دعوے یا طلاق سے متعلق عدالتی کارروائیاں شامل ہو سکتی ہیں۔ اگر متاثرہ اورملزم شخص کے درمیان چل رہی دیوانی کارروائی، فوجداری کارروائی سے حقیقی طورپرجڑی ہوئی ہے، تو متاثرہ ایک بار پھر نفسیاتی سماجی اورقانونی کاررو ائی کا فائدہ اٹھا سکتاہے۔

## معاوضے کے فوائد

جرائم کے متاثرین "جرائم متاثرین ایکٹ" کے تحت معاوضہ حاصل کرنے کے حقدار ہوسکتے ہیں، مثال کے طور پر:

- خراب شدہ معاون آلات یا امدادی آلات (مثلاً عینک) کے لیے معاوضہ،
- نفسیاتی علاج کے اخراجات
- آمدنی کے نقصان کے لیے معاوضہ،
- تجہیز و تکفین کے اخراجات کے لیے معاوضہ،
- جسمانی تکلیف کے لیے (یک مشت معاوضہ)۔

یہ سفارش کی جاتی ہے کہ جتنی جلد ممکن ہوسکے معلومات حاصل کی جائیں تاکہ کوئی مقررہ آخری تاریخ نہ چھوٹ جائے!
معلومات سوشل منسٹری سروس، ٹیلی فون: 05 99 88،
www.sozialministeriumservice.at سے یا وکٹم ایمرجنسی ہاٹ لائن 112 112 0800 کے ذریعے دستیاب ہیں۔

## جو جلدی مدد کرتے ہیں، وہ دوبارہ مدد کرتے ہیں

کیاآپ نے یا آپ کے بچے نے جسمانی، جنسی، یا نفسیاتی تشدد کا سامنا کیاہے؟ کیا آپ کو یا آپ کے کسی عزیز کو کسی مجرمانہ جرم کے دوران زخمی کیاگیاہے؟ اورآپ کو پتہ نہیں کہ آگے کیا کرناہے؟

جوکوئی بھی کسی جرم کا شکار بنتاہے ،تو اکثر وہ خود کوغیرمحفوظ ، پریشان اور بے بس پاتاہے۔ بہرحال، پولیس اور عدالتوں جیسے اداروں سے نمٹنا اکثر بالکل نیا تجربہ ہوتا ہے۔ ایسےحالات میں، فوری اور پیشہ ورانہ مدد خاص طورپربہت اہم ہوتی ہے۔

www.justiz.gv.at/internet/prozessbegleitung پر درج متاثرہ امدادی تنظیمیں فوری طور پر، بیوروکریسی کے بغیر، اور جرائم کے تمام متاثرین کے لیے مفت دستیاب ہیں- چاہے پولیس یا پبلک پراسیکیوٹر کے دفتر میں رپورٹ پہلے ہی درج کر دی گئی ہو، یا یہاں تک کہ اگر ابھی تک قانونی کارروائی شروع نہیں کی گئی ہے۔

**مدد اور معلومات:**

- متاثرین کےلیےہنگامی ہیلپ لائن: 112 112 0800
- www.hilfe-bei-gewalt.gv.at
- www.justiz.gv.at
- www.gewaltinfo.at

## متاثرین کےلیے ہنگامی ہیلپ لائن: 112 112 0800

جرائم کے متاثرین کے لیے مفت، پیشہ ورانہ، اور گمنام مدد – ان تنظیموں کے بارے میں معلومات جو لوگوں کے مخصوص گروہوں کے لیے ٹرائل سپورٹ فراہم کرتی ہیں۔
مفت۔ جرمن اور انگریزی میں۔
وفاقی وزارت انصاف کی ایک پہل، جو WEISSER RING کے ذریعہ چلائی جاتی ہے۔

مزید معلومات کےلیے یہاں دیکھیں
**hilfe-bei-gewalt.gv.at**

**امپرنٹ/ قانونی نوٹس**
ناشر: وفاقی وزارت انصاف
Museumsstraße 7, 1070 Wien
justiz.gv.at
ویانا، نومبر 2025

CENTER OF LEGAL COMPETENCE

JUSTIZ آسٹریلیا کا نظام انصاف

# تشدد کا جواب دیاجاتاہے:

**0800 112 112**
مفت۔ نامعلوم۔ فون کے ذریعے یا چیٹ کے ذریعے۔

ہم قانونی کارروائی کے دوران مفت نفسیاتی سماجی وقانونی مددفراہم کرتے ہیں اور اس کا انتظام بھی کرتے ہیں۔

**hilfe-bei-gewalt.gv.at**

**کیاآپ کو محسوس ہوتاہے کہ آپ انٹرنیٹ پر دھمکی یا نفرت انگیزی کا نشانہ بن رہے ہیں؟**

## میں کیسے مدد حاصل کرسکتاہوں؟

# قانونی کارروائی میں معاونت – یہ آپ کا حق ہے!

وفاقی وزارت انصاف نے تشدد سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیےمتاثرین کی معاونت کرنے والی تنظیموں کومقرر کیاہے، جو درج ذیل طریقوں سے مدد فراہم کرتی ہے:

- Iمعلومات،
- مشاورت/رہنمائی،
- پولیس اور کورٹ تک ساتھ جانا، ساتھ ہی
- کارروائی سے پہلے، اس کے دوران، اور اس کے بعد مدد فراہم کرنا
- اور متاثرین کے حقوق کونافذکروانے میں مدد۔

ہم آپ کے لیے مناسب تنظیم تلاش کرنے میں مددکرتے ہیں:

## بچے اور نوعمر

خاص طور پر ہمارے سب سے چھوٹے بچے تحفظ پرمنحصر ہوتے ہیں۔ یہاں آپ اور آپ کے عزیز و اقارب مدد حاصل کر سکتے ہیں:

متاثرین کےلیے ہنگامی ہیلپ لائن: 0800 112 112
www.pb-fachstelle.at
www.gewaltinfo.at

## خواتین

گھریلو تشدد، جنسی تشدد، تعاقب اور خواتین کی اسمگلنگ بدقسمتی سے کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے۔ متاثرہ خواتین کے لیے تشدد سے تحفظ کے مراکز، خواتین کی ہنگامی ہیلپ لائن، خواتین کے مشاورتی مراکز اورخواتین کے پناہ گاہیں دستیاب ہیں۔

خواتین ہیلپ لائن: 0800 222 555
متاثرین کےلیے ہنگامی ہیلپ لائن: 0800 112 112
www.haltdergewalt.at
www.gewaltschutzzentrum.at, 0810 955 222
www.sexuellegewalt.at

## دیگر متاثرین

پورے آسٹریا میں فوجداری کارروائی کےدوران معلومات، مشاورت، دیکھ بھال، مدد اور متاثرین کی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

متاثرین کےلیے ہنگامی ہیلپ لائن: 0800 112 112
www.weisser-ring.at
www.neustart.at
www.männer.at

آپ کے علاقے میں آپ کی مخصوص صورتحال کے مطابق قانونی کارروائی میں معاونت فراہم کرنے والی تمام تنظیموں کی فہرست یہاں دستیاب ہے: www.justiz.gv.at/internet/prozessbegleitung.

## فوجداری اور میڈیا کارروائیوں میں قانونی عمل کی حمایت

کارروائی میں قانونی معاونت دو قریبی طورپر متعلقہ اجزاء شامل ہیں:

### نفسیاتی وسماجی قانونی معاونت:

متاثرہ افراد کو کاروائی کے دوران خودکومحفوظ ہونا چاہیے اور انہیں جذباتی دباؤ سے نمٹنے میں مددملنی چاہیے۔ -خاص طورپرطریقہ کار کے بارےمیں معلومات فراہم کرکے اورشکایت درج کرانے سے لے کر کارروائی کے اختتام تک، پولیس اور عدالت میں پیشی کے دوران ذاتی طورپر ساتھ رہ کر معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

مثال کےطورپر، متاثرین اکثر اس بات سے ڈرتے ہیں کہ انہیں ملزم کی موجودگی میں گواہی دینی پڑے گی۔ ان معاملات میں، قانونی عمل کی معاونت متاثرین کو، قانون کے ذریعے مقررہ حدود کے اندر، کارروائی کے دوران ایک الگ سماعت کے لیے درخواست دینے میں متاثرین کی مدد فراہم کرتی ہے۔

### قانونی کارروائی میں معاونت:

پورے مقدمہ کےدوران کسی خاتون یا مرد وکیل کے ذریعے مشورہ اور نمائندگی فراہم کی جاتی ہے: اس کا مقصد کارروائی کے دوران متاثرین کے حقوق کا تحفظ کرنا اور مثال کےطورپر نقصانات کا دعوی کرنےمیں انہیں مشورہ اور قانونی نمائندگی فراہم کرنا ہے۔

**نفسیاتی، سماجی اور قانونی عمل سے متعلق معاونت**، میڈیا ایکٹ کےتحت بھی فراہم کی جاسکتی ہے۔ مثال کے طورپرجب۔۔

- معاوضہ،
- کسی میڈیا کی اشاعت کی ضبطی ، یا
- فیصلے کی اشاعت کی درخواست کی جائے۔

قانونی عمل میں معاونت کے اخراجات وفاقی وزارتِ انصاف برداشت کرتی ہے۔

## قانونی کارروائی کی حمایت کا حقدار کون ہے؟

وہ افراد قانونی معاونت کے حقدار ہوتے ہیں جو۔۔۔۔

- وہ افراد جو دانستہ طور پر کیے گئے کسی مجرمانہ فعل کے نتیجے میں تشدد کا شکار ہوئے ہوں (جیسے حملہ یا ڈکیتی کے متاثرین) یا جن کی ذاتی وابستگی یا انحصار کا ایسے جرم کے ذریعے استحصال کیا گیا ہو
- وہ افراد جنہیں شدید دھمکیاں دی گئ ہوں ( مثلاً قتل کی دھمکی)،
- وہ افراد جن کی جنسی حرمت کی خلاف ورزی کی گئی ہو (مثلاً ریپ یا جنسی استحصال کے متاثرین)،
- وہ افراد جو دہشت گردی کے جرائم کا شکارہوئے ہیں،
- وہ افراد جو اسٹاکنگ، سائبر بُلنگ یا نفرت پر اکسانے جیسے جرائم کا شکار ہوئے ہوں،
- وہ افراد جو بدنامی، کسی پہلے سے فیصلہ شدہ مجرمانہ جرم کی جھوٹی تہمت، توہین یا بہتان کا شکار ہوئے ہوں، اگر بعض شواہد کی بنیاد پر یہ سمجھا جا سکے کہ ایسا عمل ٹیلی کمیونیکیشن کے ذریعے یا کمپیوٹر سسٹم استعمال کرتے ہوئے کیا گیا تھا،
- وہ کم عمر افراد جو تشدد کے گواہ رہے ہوں۔

وہ افراد جنہوں نے کسی مجرمانہ جرم کے باعث اپنے کسی عزیز کو کھو دیا ہو (مثلاً قتل یا جان لیوا ٹریفک حادثے کے نتیجے میں)، وہ بھی بعض حالات میں قانونی کارروائی کے لیے معاونت کے حق دار ہو سکتے ہیں۔ یہ استحقاق اس صورت میں حاصل ہوتا ہے جب متاثرین کے طریقۂ کار سے متعلق حقوق کے تحفظ کے لیے قانونی کارروائی کی معاونت ضروری ہو۔ اس ضمن میں متاثرین کی ذاتی صورتحال اور ان پر پڑنے والے اثرات کی شدت کو پیشِ نظر رکھا جاتا ہے۔